بچوں کے حادثات ایک شدید خطرہ ہیں۔

ان سے بچیے

ہر سال کاتالونیا میں ہزاروں بچے اور بچیاں حادثات کا شکار ہو جاتے ہیں جو شدید قسم کی چوٹوں کا باعث بنتے ہیں۔ اسی طرح 1 سال سے زیادہ عمر کے بچوں میں موت حادثات کا سبب موت بنتے ہیں۔اس کے باوجود کہ تمام تر زخموں کا نتیجہ خطرناک نہیں ہوتا لیکن یہ ضروری ہےکہ والدین اور نوجوان جو بچوں کی دیکھ بھال کرتے ہیں بچوں کے حادثات کے اہم خطرات سے مکمل طور پر با خبر رہیں اور ان حالات سے آگاہ رہیں جو ان کے لیے مفید ہوں۔

اس لیے محکمۂ صحت نے آپ کے لیے یہ ایک چھوٹا سا قاعدہ ان حالات کی مزاحمت کے لیے تیار کیا ہے اور اس کی ترتیب اس طرح سے کی ہے کہ ہر عمر کے بچوں کو جو خطرہ ہے وہ بیان کیا گیا ہے۔

پیدائش کے بعد بچے اس قابل نہیں ہوتے کہ اپنا دفاع کر سکیں اور بڑوں پر منحصر ہوتے ہیں۔ آہستہ آہستہ نشو و نما کے ساتھ وہ ان عادتوں کو سیکھتے جاتے ہیں جو انہیں مزید خود مختار بنا دیتی ہیں اور پھر وہ لازماً خطروں کو پہچاننا اور ان سے بچنے کا صحیح طریقہ سیکھ جائیں گے۔

آپ کا چائلڈ اسپیشلسٹ آپ کو مزید معلومات دے سکتا ہےیا پھر اپنے چھوٹے موٹے مسائل آپ کیلینڈر کے ذریعہ حل کر سکتے ہیں جس میں ہم زیادہ وضاحت نہیں کر سکتے کیونکہ یہ صرف یاد دہانی کے لیے ہے۔

لیکن کسی بھی صورت میں یہ مشورے استعمال میں لانا بہت آسان ہے اور یہ خاص طور پر بچوں کی حفاظت کے لیے بہت مفید ہیں۔

Sanitat Respon 24 hores
902 111 444

www.gencat.cat/salut

Generalitat de Catalunya
Departament de Salut

© Generalitat de Catalunya

حادثات سے بچنے کے لیے راہنمائی کیلینڈر

0-3 ماہ

مکمل طور پر بے حرکت ہونے کی حالت میں ہے

احتیاط:

- خیال رکھیں کہ اس کے اوُپر بھاری چیزیں نہ گریں۔
- احتیاط کریں کہ کپڑے یا گدی سے اس کا سانس بند نہ ہو۔
- ایسی جگہ نہ چھوڑیں جہاں سے گر سکے۔
- گاڑی میں ضروری ہے کہ پنگھوڑے میں صحیح طرح جکڑا ہو



3-6 ماہ

ہر چیز منہ میں ڈالتا ہے

احتیاط:

- احتیاط کریں کہ ایسے کھلونے نہ دیں جو جڑ کر ٹوٹ سکیں، چھوٹے ٹکڑے اور دوسری چیزیں جو نگل سکے۔

6-12 ماہ

چار ٹانگوں پر چلنے لگتا ہے (گھٹنوں چلتا ہے) اور ہر چیز جاننے کی کوشش کرتا ہے۔

احتاط:

- احتیاط کریں کہ بجلی کے پلگ میں انگلیاں نہ ڈالےاور تاروں اور ایکسٹینشن وغیرہ سے نہ کھیلے۔
- میز کا کپڑا، رسی وغیرہ سے چیزیں اوُپر گرنے کا خطرہ ہوتا ہے۔
- دروازے اور کھڑکیاں کھولتے اور بند کرتے وقت احتیاط سے کام لیں۔
- اس عمر میں سیڑھیاں بہت خطرناک ہوتی ہیں۔
- اگر سر کے بل کسی ٹب، بالٹی وغیرہ میں گر جائے تو ڈوبنے کا خطرہ ہوتا ہے۔
- اس عمر میں گاڑی میں سفر کرنے کے لیے اسے پیچھے ایک بچوں کے لیے خاص سیٹ پر بیلٹ کے ساتھ بٹھائیں۔

1-3 سال

حرکت، تجسس اور نشو و نما میں نمایا اضافہ

احتیاط:

- زہریلا مادہ اندر جانے کا خطرہ ہوتا ہے (دوایاں، صفائی کی اشیاء اور پینٹ وغیرہ)۔
- کھانے کے ڈبوں میں زہریلی چیزیں نہیں رکھنی چاہییں۔
- جلنے کا خطرہ ہوتا ہے۔ احتیاط کریں کہ کچن میں نہ آئے اور خاص طور پر لیکویڈ (مائع) اور گرم لوہے کی چیزوں سے بچایے۔
- احتیاط کریں کہ کرسی، پلنگ اور خاص طور پر کھڑکیوں سے نیچے نہ گرے۔
- گلی میں ہاتھ پکڑ کر لے کر جائیں اور ہر وقت نظروں کے سامنے رہے۔
- ڈوبنے کے خطرہ سے بچنے کے لیے سومنگ پول وغیرہ کا راستہ بند ہونا چاہیے اور تیرنے والی ٹیوب کا استعمال کرنا چاہیے۔
- کھانا پھنسنے سے بچنا چاہیے

4-9 سال

خود مختاری بڑھ جاتی ہے

احتیاط:

- ضروری ہے کہ سڑک پر چلنے کے آداب اور سڑک پار کرنا سکھائیں۔
- گاڑی میں ہمیشہ پچھلی سیٹ پر بیلٹ کے ساتھ بٹھائیں اور گاڑی کے دروازے بند رکھنے کے لیے سیفٹی لاک لگائیں۔
- تیرنا آنا چاہیے۔
- ہر کھیل کے حفاظتی قائدے آنے چاہیئں۔

10-14 سال

یہ وہ عرصہ ہے جس میں جسمانی اور نفسیاتی نشو و نما بڑھ جاتی ہے

احتیاط:

- ٹریفک کے قوانین کی تعلیم دینی چاہیے۔
- اسے آگ اور بجلی کے خطروں کا پتہ ہونا چاہیے اور کیسے ان سے بچ سکتا ہے (ان خطرات سے بچنے کی ترکیب)۔
- خطرے والی کھیل کھیلنے سے بچنا چاہیے (ڈارٹ، پٹاخے وغیرہ)